| سبقی منصوبہ بندی: 1 | مضمون: اسلامیات | جماعت: سوم | پہلی سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت: 40 منٹ | تاریخ: ______ | ہفتہ: 9 | اُستاد کا نام: ______ |

| سبق کا نام: نماز | باب دوم: ایمانیات و عبادات (ب) عبادات |
|---|---|

**حاصلاتِ تعلم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- نماز کی اہمیت، فضیلت اور آداب جان سکیں۔
- باجماعت نماز کی فضیلت بیان کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** **5 منٹ**

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کی آمادگی کے لیے ان سے پوچھیں:

(الف) قیامت کے دن سب سے پہلا سوال کون سا ہو گا؟

(ب) نماز کے فوائد بتائیں۔

(ج) نماز کی فضیلت و اہمیت کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

طلبہ کو بتائیں آج ہم نماز کے آداب کے بارے میں پڑھیں گے۔

**طریقہ تدریس:** **15 منٹ**

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو کتاب کا صفحہ نمبر 24 کھولنے کی ہدایت دیں۔
- طلبہ سے صفحہ نمبر 24 کے آخری پیراگراف کا متن اور صفحہ نمبر 25 پر نماز کے آداب پڑھوائیں۔ مشکل الفاظ کی دہرائی کروائیں اور ان کے معانی بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں اللہ تعالیٰ نے دن اور رات میں پانچ نمازیں فرض کی ہیں۔ آپ خَاتَمُ النَّبِيِّين صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ کا فرمانِ عالیشان ہے: "جو شخص اچھی طرح وُضو کرے اور وقت پر نماز پڑھے اور رکوع سجدہ بھی اچھی طرح

کرے اور خشوع سے نماز پڑھے تو اللہ تعالیٰ کے ذمّے ہے کہ وہ اس کی مغفرت کرے اور جو ایسا نہ کرے اس کی اللہ تعالیٰ پر کوئی ذمّے داری نہیں، چاہے مغفرت کرے چاہے عذاب دے"۔

اس لیے نماز کو صحیح طریقے سے پڑھنا اور اس کا اہتمام کرنا ہر مسلمان پر فرض ہے۔

- طلبہ کو نماز باجماعت ادا کرنے کی فضیلت سے بھی آگاہ کریں۔

نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے فرمایا: باجماعت نماز ادا کرنا تنہا نماز ادا کرنے پر ستائیس درجے فضیلت رکھتا ہے۔(بخاری)

- طلبہ کو بتائیں نماز ادا کرنے کی اہمیت و فضیلت بہت زیادہ ہے۔ ہمیں چاہیے کہ باقاعدگی سے مسجد میں جا کر باجماعت نماز ادا کریں۔
- طلبہ کو بتائیں نماز ادا کرنے کے کچھ آداب ہیں جن پر عمل کرنا بے حد ضروری ہے:

⇐ نماز پوری توجّہ اور یکسوئی سے ادا کرنی چاہیے۔

⇐ نماز مقرّرہ وقت پر ادا کرنی چاہیے۔

⇐ قرآن مجید میں ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

بے شک نماز مومنوں پر مقرّرہ وقت پر فرض ہے۔(سورۃ النسآ، آیت: 103)

⇐ نماز کے دوران نمازی کا جسم ڈھکا ہونا چاہیے۔

⇐ نماز میں اِدھر اُدھر نہیں دیکھنا چاہیے۔

- طلبہ کو تلقین کریں کہ نماز پابندی اور خشوع و خضوع کے ساتھ ادا کریں۔

**مشکل الفاظ اور ان کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| توجہ | تَ۔وَج۔جُہ | رغبت، رُحجان |
| یکسوئی | یک۔سُوئی | دل جمعی |
| ڈھانپنا | ڈھانپ۔نا | کسی چیز پر کوئی چیز رکھ کر اسے چُھپانا |
| مقرّرہ | مُ۔قر۔رَرہ | قرار کیا گیا |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھایا گیا سبق مختصراً دُہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

مشق جزو 3 اور 4 کے سوال طلبہ سے کتاب پر حل کروائیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

کیا آپ باقاعدگی سے نماز ادا کرتے ہیں؟ اپنے ساتھیوں سے گفتگو کریں۔

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

| | | |
|---|---|---|
| **نام:** ____________ | **مضمون: اسلامیات** | **سبق: نماز** |

سوال 1: باجماعت نماز ادا کرنے کے متعلق حدیثِ مبارکہ کا ترجمہ لکھیں۔

______________________________

______________________________

سوال 2: نماز ادا کرنے کے کوئی سے پانچ آداب لکھیں۔

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

| پہلی سہ ماہی | جماعت: سوم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 2 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ________ | ہفتہ: 9 | تاریخ: ________ | وقت: 40 منٹ |

| باب دوم: ایمانیات و عبادات (ب) عبادات | سبق کا نام: نماز |
|---|---|

**حاصلاتِ تعلم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- نمازوں کی تعداد، رکعات اور ناموں سے واقف ہو سکیں اور نماز کی پابندی کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک / بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ سے پانچ نمازوں کے نام پوچھیں۔

طلبہ کو بتائیں کہ ہم پر مقرّرہ وقت پر نماز فرض کی گئی ہے۔ نماز کو وقت پر ادا کرنے سے ہمیں نظم و ضبط اور وقت کی پابندی کا درس ملتا ہے۔ طلبہ کو بتائیں آج ہم نماز کے اوقات اور رکعات کے متعلق جانیں گے۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو کتاب کا صفحہ نمبر 25 کھولنے کی ہدایت دیں اور نماز کی رکعات کا ٹیبل دکھائیں۔ تختہ تحریر پر پانچوں نمازوں کے نام نمایاں کر کے لکھیں۔

| فجر | ظہر | عصر | مغرب | عشا |
|---|---|---|---|---|

- طلبہ کو بتائیں ان نمازوں میں رکعات ہوتی ہیں جن کے مطابق نماز ادا کی جاتی ہے۔

1۔ نماز فجر: 4 رکعات 2 سنت مؤکدہ، 2 فرض

2۔ نماز ظہر: 12 رکعات 4 سنت مؤکدہ، 4 فرض۔ 2 سنت مؤکدہ، 2 نفل

3۔ نماز عصر: 8 رکعات 4 سنت غیر مؤکدہ، 4 فرض

4۔ نماز مغرب: 7 رکعات 3 فرض، 2 سنت مؤکدہ، 2 نفل

5۔ نماز عشا: 17 رکعات 4 سنت غیر مؤکدہ، 4 فرض، 2 سنت مؤکدہ، 2 نفل، 3 وتر، 2 نفل

- طلبہ کو بتائیں قرآن مجید میں بھی نماز کو مقرّرہ اوقات میں ادا کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔

ارشادِ باری تعالیٰ ہے: ترجمہ: نماز قائم رکھو سورج ڈھلنے سے رات کے اندھیرے تک اور صبح کا قرآن، بے شک صبح کے قرآن میں فرشتے حاضر ہوتے ہیں۔(سورۃ بنی اسرائیل: آیت: 78)

ایک اور جگہ ارشادِ ہوتا ہے:

ترجمہ: دن کے دونوں سروں میں نماز قائم رکھ اور رات کے کچھ حصے میں بھی۔(سورۃ ہود: آیت 114)

حضرت عمرو سلمیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّينَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ سے عرض کیا: اے اللہ کے نبی مجھے ایسی چیز بتلایئے جو اللہ تعالیٰ نے آپ کو بتائی ہو اور مجھے معلوم نہ ہو خاص طور پر نماز کے متعلق بتلایئے۔

آپ خَاتَمُ النَّبِيِّينَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ نے ارشاد فرمایا: صبح کی نماز پڑھ کر کوئی اور نماز پڑھنے سے رُکے رہو یہاں تک کہ آفتاب طلوع ہو کر بلند ہو جائے کیونکہ آفتاب شیطان کے دو سینگوں کے درمیان طلوع ہوتا ہے اور اس وقت سورج پرست کفار اسے سجدہ کرتے ہیں جب سورج کچھ بلند ہو جائے تو پھر نماز پڑھو کیونکہ ہر نماز بارگاہِ الٰہی میں پیش کی جاتی ہے البتہ زوال کے وقت نماز نہ پڑھو۔ اور جب سایہ بڑھنا شروع ہو جائے تو پھر نماز پڑھو۔ جب عصر کی نماز پڑھ چکو تو پھر دوسری نماز سے رک جاؤ یہاں تک کہ سورج غروب ہو جائے، کیونکہ شیطان کے دو سینگوں کے درمیان سورج غروب ہوتا ہے اور سورج پرست کفار سورج کو سجدہ کرتے ہیں۔(مسلم)

- حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے حضرت محمد خَاتَمُ النَّبِيِّينَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ کو یہ فرماتے سنا: صبح کی نماز کے بعد آفتاب کے بلند ہونے تک کوئی اور نماز نہیں ہے اور عصر کی نماز کے بعد غروبِ آفتاب تک کوئی اور نماز پڑھنا صحیح نہیں ہے (بخاری)
- طلبہ کو بتائیں مندرجہ بالا احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ نمازوں کے اوقات کا تعلق سورج سے ہے۔
- تختہ تحریر پر پانچوں نمازوں کے اوقات لکھیں:

نمازِ فجر: صبح صادق سے لے کر سورج طلوع ہونے تک۔

نمازِ ظہر: سورج کے ڈھلنے سے نمازِ عصر کا وقت شروع ہونے تک۔

نمازِ عصر: جب سایہ دو مثل ہو جائے۔

نمازِ مغرب: سورج غروب ہونے پر (زیادہ تاخیر مکروہ ہے)۔

نمازِ عشا: سورج غروب ہونے کے ڈیڑھ گھنٹہ کے بعد سے نصف یا تہائی رات تک۔

- طلبہ کو تلقین کریں کہ حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّيْن صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی سنّت کے مطابق دن میں پانچ مرتبہ نماز پڑھنے کی عادت کو اپنائیں تاکہ دنیا اور آخرت میں اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل ہو۔

**مشکل الفاظ اور ان کو پڑھانے کا طریقہ:** 5منٹ

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| رکعات | رَک۔عات | رکعت کی جمع، نماز کا ایک حصّہ کھڑے ہونے سے لے کر بیٹھنے تک |
| نجات | نِ۔جات | رہائی۔ چھٹکارا |
| پختہ | پُخ۔تہ | مضبوط |

**اعادہ:** 2منٹ

پڑھایا گیا سبق دہرائیں۔

**جائزہ:** 6منٹ

طلبہ کو پانچوں نمازوں کی رکعات کی تعداد یاد کروائیں۔

**گھر کا کام:** 2منٹ

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** 5منٹ

پانچوں نمازوں کے اوقات چارٹ پر لکھ کر کمرا جماعت میں آویزاں کریں۔

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

**نام:** ____________ | **مضمون: اسلامیات** | **سبق: نماز**

⇐ نیچے دیے گئے نمازوں کے نام اور رکعات کے خانوں کو پُر کریں۔

| نمازوں کے نام | سنتِ مؤکدہ | سنتِ غیرمؤکدہ | فرض | سنتِ مؤکدہ | نوافل | وتر | نوافل | کل رکعات |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | | | |
| | | | | | | | | |
| | | | | | | | | |
| | | | | | | | | |
| | | | | | | | | |

| سبقی منصوبہ بندی:3 | مضمون:اسلامیات | جماعت: سوم | پہلی سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت:40منٹ | تاریخ:______ | ہفتہ:9 | اُستاد کا نام:______ |

| سبق کا نام: حفظِ قرآن مجید(سُوۡرَةُالنَّصۡرِ) (دہرائی) | باب اوّل: قرآن مجید و حدیث نبوی ﷺ |
|---|---|

**حاصلاتِ تعلم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- سُوۡرَةُالنَّصۡرِ درست تلفّظ کے ساتھ حفظ کر سکیں۔
- سورتوں کو حفظ کر کے تجوید کے ساتھ نماز میں اور نماز کے علاوہ زبانی تلاوت کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

اسلامیات کی کتاب۔ ورک شیٹ۔

**طریقہ تدریس:** 5منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو باب اول قرآن مجید و حدیث نبوی ﷺ سبق "حفظِ قرآن مجید سُوۡرَةُالنَّصۡرِ" کی دہرائی کروائیں۔
- طلبہ کو ورک شیٹ دیں اور ہدایت دیں کہ دیے گئے وقت کے مطابق ورک شیٹ کو حل کریں۔

طلبہ کے سامنے ورک شیٹ کو باآواز بلند پڑھیں اور پھر انھیں ہدایت دیں کہ ہر سوال کو غور سے پڑھیں اور جواب دیں ورک شیٹ حل کرنے میں طلبہ کی راہ نمائی کریں۔

**اعادہ:** 15منٹ

ورک شیٹ وقت پر مکمل کرنے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔ ورک شیٹ کو طلبہ کے سامنے چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**جائزہ:**

N/A

**گھر کا کام:**

N/A

| | |
|---|---|
| 20منٹ | ورک شیٹ |

| | | |
|---|---|---|
| نام:__________ | مضمون: اسلامیات | سبق: حفظِ قرآن مجید (سُوْرَةُ النَّصْرِ) (دہرائی) |

سوال1: سُوْرَةُ النَّصْرِ کے متعلق معلومات لکھیں۔

| سورت کا نام | آیات کی تعداد | مکّی/مدنی سورت | پارہ نمبر |
|---|---|---|---|
| | | | |

سوال2: سُوْرَةُ النَّصْرِ زبانی سنائیں۔